

بطور ملازم اپنے حقوق سے آگاہ ہوں

SUMMARY

- داڑھی رکھنے، نماز/عبادت کے وقفوں، حجاب اور نمازِ جمعہ کی ادائیگی کے لئے جانے، اور مالک کے مناسب سہولیات دینے سمیت آپ کو اپنے مذہبی عقائد رکھنے یا مذہبی طور طریقوں پر عمل کرنے کا حق حاصل ہے۔
- آپ کے مالک کو اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ آپ کو مسلم مخالف توہین، ہراسگی یا ناپسندیدگی اور تبدیلئ مذہب کی کوششوں کا سامنا نہ ہو۔
- یہ غیر قانونی ہے کہ آپ کا مالک ملازمت پر امتیازی سلوک کی شکایت کرنے پر آپ کے خلاف کوئی انتقامی کارروائی کرے۔
- ہراسگی یا ملازمت پر امتیازی سلوک کی اطلاع CAIR کو دیں۔

KNOW YOUR RIGHTS

As an Employee

یہ معلومات قانونی ایجنسی نہیں ہے

CAIR

Council on American-Islamic Relations

WWW.CAIR.COM

KNOW YOUR RIGHTS

عنوانVII آپ کو اِن حقوق کی ضمانت دیتا ہے

+ مناسب مذہبی سہولت: اگر مالک کے کاروباری عوامل پر غیر معمولی بوجھ نہ ہو تو ضروری ہے کہ وہ کسی بھی ملازم کو اُس کے مذہبی عقائد اور عبادات پر عمل کرنے کی سہولت دے۔ آپ کو مذہبی عبادات کی مناسب سہولیات دینے میں مالک کی ناکامی کو قانوناً امتیازی سلوک سمجھا جا سکتا ہے۔ "مذہبی عبادات" میں داڑھی رکھنا، نماز کے وقفے، حجاب پہننا اور جمعہ کی نماز پڑھنے جانا شامل ہیں۔

+ ملازمت دینے، ملازمت سے برخاستگی، اور ترقی دینے میں انصاف: آپ کی حیثیتِ ملازمت سے متعلق فیصلے کرتے وقت آپ کے مالک کو آپ کا مذہب زیر غور لانا منع ہے۔

+ کام کا غیر مخالفانہ ماحول: آپ کے مالک کو اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ آپ کو مسلم مخالف توہین، ہراسگی یا ناپسندیدگی اور تبدیلئ مذہب کی کوششوں کا سامنا نہ ہو۔

+ انتقامی کارروائی کے خوف کے بغیر امتیازی سلوک کی شکایت: فیڈرل قانون ملازمت پر مبینہ امتیازی سلوک کی اطلاع دینے کے آپ کے حق کی ضمانت دیتا ہے۔ یہ بات غیر قانونی ہے کہ آپ کا مالک شکایت کرنے پر آپ کے خلاف کوئی انتقامی کارروائی کرے۔

بطور ملازم اپنے حقوق سے آگاہ ہوں

1964 کے شہری حقوق کے ایکٹ کا عنوان VII حکومتی اور نجی شعبوں میں کم از کم 15 ملازمین والے عوامی اور نجی شعبے کے مالکان کو نسل، مذہب، رنگ، اصل قومیت اور جنس کی بنیاد پر امتیاز سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔ عنوان VII وفاقی قانون ہے اور پورے ملک میں لاگو ہے۔ ریاستی قانون کے تحت آپ کی ریاست میں آپ کو اسی طرح کے یا اضافی تحفظات حاصل ہو سکتے ہیں۔ ریاستی قانون میں مدد کے لئے اپنی مقامی CAIR شاخ سے رابطہ کریں۔

جب کام پر امتیازی سلوک کا سامنا ہو :

+ پُر سکون رہیں اور شائستگی سے کام لیں۔

+ ناگواری کا باعث بننے والے فریق کو مطلع کریں کہ آپ سمجھتے ہیں کہ ان کے افعال امتیازی سلوک ہیں۔

+ کمپنی کی انتظامیہ کو امتیازی سلوک کی تحریری اطلاع دیں۔

+ یاد داشتیں محفوظ رکھ کر، واقعات کا تفصیلی تحریری ریکارڈ رکھ کر، گواہوں کی موجودگی کی تحریر لکھ کر اور تحریری شکایات کر کے امتیازی سلوک کی دستاویز سازی شروع کریں۔ تمام مواد کی نقول رکھنا یقینی بنائیں۔ ثبوت کی "کاغذی دستاویزات" رکھنے کے لئے یہ ضروری ہے۔

+ اٹارنی کے مشورے کے بغیر کسی بھی دستاویز پر دستخط نہ کریں نہ ہی استعفا دیں۔

+ رپورٹ کے اندراج کے لئےCAIR سے رابطہ کریں۔